# مدینہ منورہ کی باعظمت مساجد کا تذکرہ

## مسجد قباء

روز اول ہی سے اس مسجد کی بنیاد تقوی و پرہیز گاری پر رکھی گئی تھی روایت میں ہے کہ اس مسجد میں دو رکعت نماز پڑھنے پر عمرہ کا ثواب ہے۔ اس مسجد میں جا کر دو رکعت نماز تحیت مسجد پڑھے اور تسبیح فاطمہؑ کے بعد زیارت جامعہ پڑھے، جس کی ابتدا السلام علی اولیاء اللہ سے ہوتی ہے اس کو زیارت جامعہ اول کے عنوان سے اس باب کے آخر میں نقل کیا جائے گا۔ پھر یہ دعا کرے "یا کائناً قبل کل شی تا آخر" یہ ایک طولانی دعا ہے اور اس کیلئے بحار الانوار کی طرف رجوع کریں: حضرت ابراہیمؑ بن رسول ﷺ کی مادر گرامی کے مکان یعنی مشربہ ام ابراہیمؑ میں دو رکعت نماز پڑھے کہ یہ مقام حضرت رسول ﷺ کا مسکن اور جائے عبادت رہا ہے۔

## مسجد فضیخ

یہ مسجد قباء کے نزدیک ہے اس کو مسجد ردشمس بھی کہا جاتا ہے اس میں دو رکعت نماز پڑھے:

## مسجد فتح

اس کو مسجد احزاب بھی کہا جاتا ہے، مسجد فتح میں دو رکعت نماز سے فارغ ہونے کے بعد یہ دعا بھی پڑھے:

**يَا صَرِيخَ الْمَكْرُوبِينَ، وَيَا مُجِيبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّينَ، وَيَا مُغِيثَ الْمَهْمُومِينَ**

اے دکھی لوگوں کی فریاد کو پہنچنے والے اے بے قراروں کی دعا قبول کرنے والے اور اے غم کے ماروں کی مدد کرنے والے

**اكْشِفْ عَنِّي ضُرِّي وَهَمِّي وَكَرْبِي وَغَمِّي كَمَا كَشَفْتَ عَنْ نَبِيِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ**

میری سختی، تنگی، پریشانی تکلیف اور رنج و غم دور کردے جیسا کہ تو نے اپنے نبی ﷺ کی

**هَمَّهُ، وَكَفَيْتَهُ هَوْلَ عَدُوِّهِ، وَاكْفِنِي مَا أَهَمَّنِي مِنْ أَمْرِ الدُّنْيا وَالْآخِرَةِ، يَاأَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ.**

پریشانی دور فرمائی اور دشمن سے خوف میں ان کا مددگار رہا دنیا و آخرت کی پریشانیوں میں میری کفایت فرما اور مدد کر اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

امام زین العابدین و امام جعفر صادق علیہما السلام کے مکانوں میں جہاں تک ہو سکے نماز پڑھے اور دعائیں مانگے۔

مسجد سلمانؓ و مسجد امیر المومنین علیہ السلام جو قبر حضرت حمزہ کے مقابل ہے۔ نیز مسجد مباہلہ میں تا حد امکان نماز پڑھے اور دعا و مناجات کرے۔

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com